F. 6-4 (Edit) /2019 NCPUL Press release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Human Resource Development
Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 10/10/2019

داراشکوہ ہمارے تہذیبی، سماجی، علمی، فکری اور ثقافتی ورثے کے امین تھے: پروفیسر اختر الواسع

قومی اردو کونسل کے ذریعے منعقدہ دو روزہ قومی سمینار 'محمد داراشکوہ: حیات و خدمات' اختتام پذیر

نئی دہلی: داراشکوہ نے جن بنیادوں کو استوار کیا اور جن قدروں کا اشتراک کیا وہ غیر معمولی تھیں۔ داراشکوہ وہ پہلا شخص تھا جس نے مناظرے اور مجادلے کے دور میں مکالمے کی شروعات کی۔ یہ باتیں مولانا آزاد یونیورسٹی کے صدر اور معروف اسلامی اسکالر پروفیسر اختر الواسع نے قومی اردو کونسل کے ذریعے منعقدہ قومی سمینار 'محمد داراشکوہ: حیات و خدمات' کے دوسرے دن ایک سیشن کی صدارت کرتے ہوئے کہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ داراشکوہ ہمارے تہذیبی، سماجی، علمی، فکری اور ثقافتی ورثے کے امین تھے۔ داراشکوہ نے اپنی کتاب 'سفینۃ الاولیاء' میں بہترین ریسرچ میتھوڈولوجی اختیار کی تھی۔ ہمیں داراشکوہ کے بارے میں جو مثبت چیزیں ہیں انھیں ضرور اپنانا چاہیے اور منظر عام پر لانا چاہیے۔ انھوں نے قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ داراشکوہ کو ہم نے بھلا دیا تھا اور قومی اردو کونسل نے اس بھولے ہوئے شہزادے کی ہمیں یاد دلائی ہے۔ انھوں نے ڈاکٹر شیخ عقیل احمد کو قومی اردو کونسل میں بطور ڈائرکٹر ایک سال مکمل ہونے پر بھی مبارکباد دی۔ اس سیشن میں ڈاکٹر مشتاق احمد تجاروی، پروفیسر اخلاق احمد آہن، پروفیسر علیم اشرف جائسی اور پروفیسر عبدالقادر جعفری نے اپنے مقالے پیش کیے۔ اس سیشن کی نظامت کے فرائض ڈاکٹر محمد کاظم نے انجام دیے۔ اس سیشن سے قبل پلینری سیشن میں شام سے تشریف لائے جناب اَمر حسن نے داراشکوہ کی علمی خدمات پر مقالہ پیش کیا۔ انھوں نے اپنے مقالے میں بتایا کہ داراشکوہ نے اسلام اور ہندو مذہب کے درمیان اتحاد کے نکات تلاش کیے۔ داراشکوہ فلسفہ وحدۃ الوجود سے متاثر تھا۔ اس سیشن کی صدارت کرتے ہوئے ڈاکٹر عطاء اللہ خان سنجری نے مقالے پر اظہار خیال کیا، ساتھ ہی مقالے سے الگ ہٹ کر انھوں نے اردو حلقے سے اردو وِکی پیڈیا ڈیولپ کرنے اور وِکی پیڈیا پر اردو کے مواد کو زیادہ سے زیادہ اَپ لوڈ کرنے پر زور دیا۔ اس سیشن کی نظامت ڈاکٹر شاذیہ عمیر نے کی۔

چوتھے سیشن کی صدارت پروفیسر سید حسن عباس نے کی جس میں پروفیسر عراق رضا زیدی اور ڈاکٹر محشر کمال نے اپنے مقالے پیش کیے۔ نظامت کے فرائض جناب معین شاداب نے انجام دیے۔ اس موقعے پر پروفیسر سید حسن عباس نے داراشکوہ پر سمینار کو وقت کی ایک اہم ضرورت بتایا اور قومی اردو کونسل کے اس اقدام کی ستائش کی۔

پانچویں سیشن کی صدارت پروفیسر سید عین الحسن نے کی۔ جس میں پدم شری ڈاکٹر ناہید عابدی، پروفیسر محمد حبیب نے پرمغز مقالے پیش کیے۔ اس سیشن کی نظامت محترمہ غزالہ فاطمہ نے کی۔

آخر میں قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے تمام مندوبین اور شرکا کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اس دو روزہ کانفرنس سے داراشکوہ کے تعلق سے معاشرے میں ایک مثبت پیغام جائے گا۔

(رابطہ عامہ سیل)